**04-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

-------------------------------

**Music**

-------------------------------

☆ دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ ایچ ڈی کمارا سوامی، کے سی وینو گوپال اور ہیما مالنی سمیت اہم امیدواروں نے آج اپنے کاغذات داخل کئے۔

☆ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے مغربی بنگال میں مرکزی اسکیموں کو نافذ کرنے کی اجازت نہیں دینے کیلئے TMC کی سرکار کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

☆ CPIM نے لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنا انتخابی منشور جاری کیا ہے۔ غیرقانون سرگرمیوں کی روک تھام قانون اور منی لانڈرنگ کی روک تھام قانون کو ختم کرنے کا وعدہ کیا۔

☆ بھارت نے مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور تشدد اور عدم استحکام کو مزید ہوا دینے کے امکانات پر تشویش کا اظہار کیا۔

-------------------------------

**Music**

-------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Rev. Nomination**

دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ اِس مرحلے کے تحت 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 88 لوک سبھا سیٹوں کے ساتھ ساتھ آؤٹر منی پور لوک سبھا حلقے کے باقی حصے پر چناؤ ہوگا۔ آؤٹر منی پور حلقے کے کچھ حصوں کا چناؤ پہلے مرحلے کے تحت ہوگا۔ جن اہم امیدواروں نے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے اُن میں ہیما مالنی، ایچ ڈی کمارا سوامی اور کے سی وینوگوپال شامل ہیں۔ ہیما مالنی نے اترپردیش میں متھرا لوک سبھا سیٹ سے اپنا پرچہ داخل کیا جبکہ ایچ ڈی کمارا سوامی نے کرناٹک کے مانڈیا پارلیمانی حلقے سے اپنے کاغذات جمع کرائے۔ کیرالہ میں اداکار سے سیاستداں بنے سریش گوپی نے تھریسور سیٹ سے،

کے سُریندرن نے Wayanad حلقے سے، جبکہ کے سی وینوگوپال نے Alappuzha حلقے سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔

دوسرے مرحلے کے تحت کیرالہ میں 20سیٹوں، کرناٹک میں 14، راجستھان میں 13، اترپردیش اور مہاراشٹر میں 8-8، مدھیہ پردیش میں 7، آسام اور بہار میں 5-5، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں 3-3 اور منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر میں ایک ایک سیٹ پر انتخابات ہوں گے۔

اِس مرحلے کے تحت ووٹنگ 26 اپریل کو ہوگی۔ جموں وکشمیر کے علاوہ سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں پرچۂ نامزدگی کی جانچ پڑتال کا کام کل کیا جائے گا۔ جموں وکشمیر میں کاغذات کی جانچ پڑتال ہفتے کے روز ہوگی۔×

## UP 2nd Phase Nominations

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی، آج آخری تاریخ تھی۔ BJP کی ممبر پارلیمنٹ ہیما مالینی نے متھرا لوک سبھا سیٹ سے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا۔ اس سے پہلے ہیما مالینی سال 2014 اور 2019 میں بھی متھرا سیٹ سے ممبر پارلیمنٹ منتخب ہوئی ہیں۔ یہ لگاتار تیسری مرتبہ ہے جب وہ BJP کی امیدوار بنی ہیں۔ جل شکتی کے ریاستی وزیر Sawatantra Dev سنگھ بھی، پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کے وقت وہاں موجود تھے۔

متھرا سیٹ سے ہی کانگریس کے Makesh Dhangar اور BSP کے سریش سنگھ پہلے ہی اپنے اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کرچکے ہیں۔

میرٹھ میں سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے تیسری بار امیدوار کو بدلتے ہوئے اتل پردھان کی جگہ سابق میئر سنیتا ورما کو ٹکٹ دیا ہے۔ سنیا ورما نے آج اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کر دیا ہے۔ BJP امیدوار ارون گووِل اور BSP امیدوار دیو ورت تیاگی نے بھی میرٹھ سیٹ سے ہی اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کر دیا ہے۔ لوک سبھا کے دوسرے مرحلے کے تحت اترپردیش کے آٹھ پارلیمانی حلقے- امروہہ، میرٹھ، باغپت، غازی آباد، گوتم بدھ نگر، بلند شہر (درج فہرست ذات)، علی گڑھ اور متھرا میں 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

## Kerala Nominations

کیرالہ میں 20 پارلیمانی سیٹوں کیلئے انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی، آج آخری تاریخ تھی۔ UDF، LDF اور NDA سے تعلق رکھنے والے متعدد امیدواروں نے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔

NDA امیدوار اور اداکار- سیاستداں سریش گوپی نے تھریسور پارلیمانی حلقے سے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا۔ انھوں نے ریٹرننگ افسر کو پرچۂ نامزدگی جمع کرنے سے پہلے امر جوان جیوتی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ UDF کے، K مرلی دھرن نے بھی تھریسور پارلیمانی حلقے سے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا۔ کیرالہ کے سابق وزیر اعلیٰ کے کرونا کرن کے بیٹے، مرلی دھرن نے سال 2019 میں Vadkara سے چناؤ جیتا تھا۔ کچھ دن پہلے ان کی بہن پدماجی وینو

گوپال، BJP میں شامل ہوگئی تھیں جس کے بعد وہ تھریسور کی انتخابی لڑائی میں شامل ہوگئے۔

NDA کے امیدوار اور ریاستی BJP صدر کے سریندرن نے وائناڈ حلقے سے اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ AICC جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال نے UDF کے امیدوار کے طور پر Alappuzha سے اور ان کے حریف اور LDF کے امیدوار اے ایم عارف نے بھی اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کیے۔

پرچۂ نامزدگی داخل کرنے والے UDF کے دیگر امیدواروں میں Vadakara سے Shafi Parambil، Kollam سے این کے پریم چندرن، Ernakulam سے Higi Eden، Alathur سے Remya Haridas اور Mavelikkar سے Kodi Kunnil Suresh شامل ہیں۔ Alathur اور Mavelikkara مخصوص حلقے ہیں۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل ہوگی۔ x

## Tripura State Profile

19 اپریل کو ہونے والے پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے اب 15 روز سے بھی کم باقی رہ گئے ہیں۔ ایسے میں مغربی تریپورہ پارلیمانی حلقے میں چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ اس سیٹ کیلئے کُل 9 امیدوار میدان میں ہیں۔ اہم امیدواروں میں سابق وزیر اعلیٰ Biplab کمار دیب اور کانگریس کے آشیش کمار ساہا ہیں۔

مزید تفصیلات اگرتلہ کے ہمارے نامہ نگار سے............

V/C Kunal Shinde

انتخابی کمیشن نے مغربی تریپورہ کی پارلیمانی سیٹ کیلئے منصفانہ، شفاف اور پُر امن طریقے سے انتخابات کرانے کیلئے تمام تیاریاں کرلی ہیں۔ اس حلقے میں کُل 14 لاکھ 61 ہزار ووٹرس ہیں، جن میں 7 لاکھ 33 ہزار مرد ووٹرس ہیں جبکہ 7 لاکھ 28 ہزار خواتین ووٹرس ہیں۔ اس انتخابی حلقے کی ایک انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ یہ سیٹ کسی طبقے کیلئے مخصوص نہیں جبکہ یہاں 25 فیصد ووٹر قبائلی ہیں۔ یہاں BJP کی قیادت والے حکمراں NDA اتحاد اور کانگریس کی قیادت والے آئی این ڈی آئی اے اتحاد، کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ اس حلقے سے چناؤ لڑنے والے دو اہم امیدوار سابق وزیر اعلیٰ Biplab کمار دیو اور کانگریس کے ریاستی صدر آشیش کمار ساہا ہیں۔ یہ Biplab کمار دیو ہی تھے، جو 2018 میں CPI-M کی قیادت والی بائیں بازو کی سرکار سے حکومت کی باگ ڈور سے لے کر ریاست میں BJP کی قیادت والی حکومت کے پہلے وزیر اعلیٰ بنے تھے۔

حالانکہ انھیں مئی 2022 میں اپنے عہدے سے استعفیٰ دینا پڑا تھا اور ڈاکٹر مانک ساہا، وزیر اعلیٰ بنے تھے جو اب تک اس عہدے پر فائز ہیں۔ 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں BJP نے یہ سیٹ جیتی تھی۔ مرکزی وزیر پرتیما بھومِک، مغربی تریپورہ حلقے سے ممبر پارلیمنٹ ہیں، جنھوں نے 2019 کے انتخابات میں کانگریس کی Subal بھومِک کو 3 لاکھ ووٹوں سے ہراکر BJP کیلئے ریاست کی تاریخ میں پہلی بار یہ سیٹ جیتی تھی۔

معذور ووٹروں اور 85 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ووٹروں کیلئے اس سے چار دن بعد گھر پر ہی ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم ہونی شروع ہوجائے گی۔ 19اپریل کو EVM پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اگرتلہ سے کونال شندے کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو نیوز سے میں کونین حیدر۔

## ECI Fake Message

بھارتی چناؤ کمیشن نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم وہاٹس اپ پر گشت کر رہے اُن گمراہ کن پیغامات کی مذمت کی ہے، جن میں کہا گیا ہے کہ سرکاری ملازمین، پوسٹل بیلیٹ کے ذریعے اپنا ووٹ نہیں ڈال سکتے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں چناؤ کمیشن نے کہا کہ انتخابی ڈیوٹی پر موجود افسران، ووٹروں کی سہولت کیلئے بنائے گئے مخصوص مرکز پر پوسٹل بیلیٹ کے ذریعے اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ چناؤ کمیشن نے لوگوں کو با خبر رہنے اور گمراہ کن اور فرضی پیغامات پر دھیان نہ دینے کیلئے کہا ہے۔ x

## PM- WB Rally

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے آج سندیش کھالی معاملے میں ملزموں کو بچانے کی بھرپور کوشش کرنے کیلئے مغربی بنگال کی ترنمول کانگریس سرکار کی تنقید کی۔ اِس واقعے نے ریاست مغربی بنگال کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ کوچ بہار میں لوک سبھا انتخابات میں BJP کی جیت کے امکانات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ صرف BJP خواتین پر ہونے والے مظالم کو روک سکتی ہے۔ وزیر اعظم مودی نے مغربی بنگال میں مرکزی اسکیموں کے نفاذ کی اجازت نہیں دینے کیلئے TMC کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انھوں نے کہا کہ باوجود اِس کے کہ مرکزی حکومت ریکارڈ رقومات فراہم کر رہی ہے، ریاست میں متعدد پروجیکٹس وقت پر مکمل نہیں کئے گئے ہیں۔

وزیر اعظم نے کانگریس کو بھی نشانہ بنایا اور کہا کہ دہائیوں سے کانگریس پارٹی غریبی ہٹاؤ کا نعرہ دے رہی ہے لیکن یہ BJP ہے جس نے 25 کروڑ افراد کو غریبی سے باہر نکالنے کیلئے سخت محنت کی ہے۔ یہ اس لئے ممکن ہوسکا کیونکہ اُن کی پارٹی پورے خلوص کے ساتھ کام کر رہی ہے اور اُس کی نیت بالکل صحیح اور درست ہے۔ سات مرحلوں میں ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت شمالی بنگال میں واقع کوچ بہار کے ساتھ ساتھ علی پور دُوار اور جلپائی گوڑی پارلیمانی حلقے میں 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## PM Bihar Rally

وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی نے کہا ہے کہ NDA سرکار بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔ بہار کے جموئی میں آج ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے موجودہ سرکار کی اہم کامیابیوں کو اجاگر کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت چاند کے قطبِ جنوبی پر خلائی جہاز کو کامیابی کے ساتھ اتارنے والا پہلا ملک بن گیا ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ BJP کی قیادت میں NDA سرکار کے تحت، بھارت اُن لوگوں کو بھی کرارا جواب دینا شروع کیا ہے جو دہشت گردانہ کارروائیوں کی مدد کرتے ہیں یا اُن میں ملوث ہوتے ہیں۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ NDA سرکار نے پچھلے دس سال کے دوران ملک کو مضبوط کیا ہے اور عالمی سطح پر اُس کی شبیہ کو بہتر کیا ہے۔ جناب مودی لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس کے امیدوار ارُون بھارتی کیلئے لوگوں سے حمایت کی اپیل کر رہے تھے۔x

## CPIM Menifesto

بڑے مالداروں پر ٹیکس، عام اثاثہ ٹیکس اور وِراثت میں ملنے والی جائیداد پر ٹیکس سے متعلق قانون نیز نجی شعبے میں ریزرویشن انتخابات کیلئے حکومتی فنڈنگ اور سیاسی پارٹی کیلئے کارپوریٹ عطیات پر پابندی، CPIM کے انتخابی منشور کے کچھ اہم اجزا ہیں، جو آج لوک سبھا کیلئے پارٹی کی طرف سے جاری کئے گئے۔ CPIM نے اپنے انتخابی منشور میں یہ بھی کہا ہے کہ وہ کام کرنے کے حق کو آئینی حق کے طور پر شامل کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ پارٹی نے غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون اور منی لانڈرنگ کی روک تھام کے قانون کو ختم کرنے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ پارٹی کے جنرل سکریٹری سیتا رام یچوری اور پولٹ بیورو کے ارکان پرکاش کرات، برندا کرات، نیلوت پَل بسو اور تپن سین نے آج نئی دلّی میں پارٹی کا انتخابی منشور جاری کیا۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب سیتا رام یچوری نے کہا کہ پارٹی ملک میں جمہوریت اور سیکولرزم کو مزید مستحکم کرے گی۔ انھوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ حکمراں BJP اور اُس کے اتحادیوں کو لوک سبھا انتخابات میں شکست دیں تاکہ مرکز میں ایک متبادل حکومت کی تشکیل کو یقینی بنایا جاسکے۔x

## BJP Manifesto Meeting

BJP کی انتخابی منشور سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ نئی دلّی میں پارٹی ہیڈکوارٹرس میں جاری ہے۔ یہ کمیٹی آنے والے لوک سبھا انتخابات کیلئے پارٹی کے انتخابی منشور کو حتمی شکل دے گی۔ سینئر BJP رہنما راجناتھ سنگھ کی سربراہی والی 27 رکنی کمیٹی کی یہ دوسری میٹنگ ہے۔ اس میٹنگ میں پارٹی کی سینئر رہنما نرملا سیتا رمن، اشونی ویشنو، کرن رجیجو اور دیگر شرکت کر رہے ہیں۔

کانگریس، لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنا انتخابی منشور کل جاری کرے گی۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے اور سینئر لیڈر راہل گاندھی اِسے جاری کریں گے۔x

## Sonia Gandhi RS Oath

کانگریس کی سینئر لیڈر سونیا گاندھی اور مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج راجیہ سبھا کے ارکان کے طور پر حلف لیا۔ راجیہ سبھا کے چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اُنہیں حلف دلایا۔ راجیہ سبھا کے 12 دیگر نومنتخب ارکان نے بھی حلف لیا۔ ان ارکان میں BJP کے RPN سنگھ، JDU کے سنجے کمار جھا اور کانگریس کے اجے ماکن شامل ہیں۔x

## Gaurav BJP

کانگریس کے ترجمان گورو ولبھ آج BJP میں شامل ہوگئے۔ انھوں نے آج صبح پارٹی کے تمام عہدوں سے استعفیٰ دے دیا۔ انھوں نے BJP میں پارٹی کے جنرل سکریٹری ونود تاوڑے کی موجودگی میں شمولیت اختیار کی۔ اس موقع پر بہار کانگریس کے سابق صدر اِنل شرما بھی BJP میں شامل ہوگئے۔x

## MEA Israel

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ G2G معاہدے کے تحت لوگوں کا پہلا گروپ آج اسرائیل روانہ ہوگیا ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے گفتگو میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے زور دے کر کہا کہ بھارت ان افراد کی حفاظت کے بارے میں فکر مند ہے اور اس نے اسرائیلی حکام سے اُن کی حفاظت اور خیریت کو یقینی بنانے کیلئے کہا ہے۔ یہ ورکرس، بھارت اور اسرائیل کے درمیان ہوئے موبیلٹی معاہدے کے تحت اسرائیل گئے ہیں۔

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ بھارت نے ایک اپریل کو شام میں ایرانی سفارت خانے پر ہوئے اسرائیلی حملے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کو مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر افسوس ہے۔

چین کے اروناچل پردیش پر دعوے سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ اروناچل پردیش بھارت کا اٹوٹ حصہ ہے، اور اٹوٹ حصہ رہے گا۔

بھارت- بنگلہ دیش تعلقات پر جناب جیسوال نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات بہت مضبوط ہیں۔

تائیوان میں زلزلے کے بعد دو بھارتیوں کے غائب ہونے کے بارے میں جناب جیسوال نے بتایا کہ وہ اب محفوظ ہیں اور ان لوگوں سے رابطہ ہوچکا ہے۔

## IMD Heatwave Condition

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے، اگلے چار دنوں میں بھارت کے مشرقی اور جزیرہ نما حصوں میں انتہائی گرمی کی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔ شمالی اندرونی کرناٹک، اڈیشہ، مغربی بنگال کے گنگا کے ترائی والے حصے، جھارکھنڈ، تلنگانہ اور ساحلی آندھرا پردیش میں شدید گرمی کی صورتحال جاری رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے اگلے تین دنوں کے دوران مشرقی بھارت کے بیشتر حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا بتدریج اضافہ ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ دوسری طرف، IMD نے شمال مشرقی بھارت میں اتوار تک بارش اور گرج چمک میں اضافے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کا امکان ہے۔ x

## Russia NATO 75

روس کے نائب وزیر خارجہ الیگزینڈر Grushko نے کہا ہے کہ روس اور نیٹو کے درمیان تعلقات خراب ہو رہے ہیں، البتہ ماسکو کا کسی NATO ملک سے تنازعہ کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ نیٹو کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر Grushko نے روس کی سرکاری خبر رساں ایجنسی RIA کو بتایا کہ واشنگٹن اور بریسلز کے سبب ماسکو اور نیٹو کے درمیان بات چیت کے امکانات بہت کم رہ گئے ہیں۔ x

**VP Students**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج پارلیمنٹ ہاؤس، نئی دلّی میں راشٹریہ ملٹری اسکول، دھولپور کے طلبا کے ساتھ بات چیت کی۔ یہ طلبا راجیہ سبھا کے ذریعے منعقدہ تین روزہ اسٹڈی وزٹ پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆